www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com



www.allpdfstuff.blogspot.com

اسلام علیکم۔

اُمید ہے سب ٹھیک ہیں دوستوں آئی ٹی دنیا میں بہت سے کورس ہو چکے ہیں۔ میں سوچ رہا تھا کیوں نہ اک اور کورس کا اضافہ کر دیا جائے۔تو دوستوں آج سے میں Visual Basic کی کلاس سٹارٹ کر رہا ہو۔

اور میں Visual Basic 6 کی کلاسس دیا کروں گا

اُمید کرتا ہوں آپ کو یہ کورس بہت پسند آئے گا۔اور میری کوشش ہوگی کہ آسان لفظوں میں آپ کو سمجھاؤں جس سے آسانی سے اپنے پروگرام بنالئے۔

تو شروع کرنے سے پہلے میں آپ کو اس کے بارے میں کچھ بتا دیتا ہو یہ ہے کیا۔

**وژوئل بیسک 6 ہے کیا۔**

www.allpdfstuff.blogspot.com

یہ اک ڈویلپمنٹ پروگرام جو مائیکروسافٹ ونڈوز میں کام کرتا ہے۔

کمپیوٹر کی تاریخ میں پروگرمنگ کے لئے یہ سب سے زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔

اس کا استعمال کرنا بے حد آسان ہے

www.allpdfstuff.blogspot.com

**وژوئل بیسک کے ایڈیشن۔**

اس کے چار مختلف ایڈیشن ہیں۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

**1۔ورکنگ ماڈل۔**اس میں اہم فنکشن شامل نہیں ہوتے۔

**2 لرننگ ایڈیشن۔** پہلے اس کو سٹینڈرڈ ایڈیشن کہا جاتا تھا۔اس میں بہت سی بنیادی چیزیں شامل ہیں۔

**3 پروفیشنل ایڈیشن۔**اس میں ایسے مکمل فیچرز بھی شامل ہیں جو لرننگ ایڈیشن میں نہیں ملیں گے۔

مثلاً Active X کنٹرولز اور ڈپلائمنٹ وزرڈ

**4 انٹرپرائز ایڈیشن۔** ہر طرح سے مکمل اور بڑے پروگرام بنانے کے لئے کارآمد ہے

www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com




Ameer

## وژوئل بیسک اور وژوئل سٹوڈیو۔

مائیکروسافٹ وژوئل سٹوڈیو اصل میں مختلف پروگرام کا مجموعہ ہے۔جیسے وژوئل ++C.وژوئل ++J
وژوئل Fox Pro اور وژوئل بیسک۔ان سبھی پروگرام کا انٹرفیس ڈیزائن تقریباً ایک جیسا ہے۔
اور ان کی لائبریری اور کچھ فائلیں بھی مشترک ہوتی ہیں۔لہذا بہتر ہوگا۔
کہ آپ پورا وژوئل سٹوڈیو ہی خرید کر انسٹال کریں۔

## وژوئل بیسک اور مائیکروسافٹ آفس۔

VBA یعنی وژوئل بیسک فار ایپلی کیشنز مائیکروسافٹ کے پروگراموں کے لئے مشترکہ میکرو لینگوئج ہے۔
یہ اصل میں VB لینگوئج اور ڈویلمنٹ کا کمتر ورژن ہے۔
اور ایک بات ہو بتادوں اکثر یوزر کو پتا ہو اور شائد نہ VB مائیکروسافٹ آفس میں بھی ہے لیکن جیسا کے میں بتادیا ہے
کہ یہ لینگوئج اور ڈویلمنٹ کا کمتر ورژن ہے۔اس میں سہولیات میسر نہیں جو وژوئل بیسک سٹوڈیو میں ہے
لیکن مائیکروسافٹ آفس سے آپ VB کی چھوٹی موٹی ایپلی کیشنز بنا سکتے ہیں
اس کا سکیرین شارٹ نیچے دیا گیا ہے۔آپ مائیکروسافٹ آفس کا VB دیکھ سکتے ہو۔




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com


www.allpdfstuff.blogspot.com



تواب Vb سٹارٹ کرتے ہیں۔سٹارٹ کرنے پر آپ کے سامنے اسطرح کی ڈسپلے باکس اوپن ہوگا جیسے سکرین شارٹ میں ہے۔

تواس میں Standerd EXE سلیکٹ کریں۔باقی Option کا مطلب آپ کو بعد میں بتا دیا جائے گا

جب ہم Standerd EXE کو ختم کرلیں گے۔تواب Standerd EXE پر کلک کرنے سے ایک نیا پرجیکٹ کھل جاتا ہے




اگر آپ بار بار اس کو دیکھنا نہیں چاہتے تو یہاں کلک کریں **Don't Show this Dialog in future**

لیکن میرے خیال سے ٹھیک ہے کیونکہ اس سے recent کام دیکھ سکتے ہو۔

جیسا سکرین شارٹ میں ہے تو اب میں آپ کو ان کا ٹولز کے بارے میں بتاتا ہوں۔

www.allpdfstuff.blogspot.com


www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com






www.allpdfstuff.blogspot.com


www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com


اسلام علیکم۔

دوستوں کل میں وژوئل بیسک کی معلومات دی تھی کہ یہ ہے کیا۔اور کچھ بنیادی چیزوں کے بارے میں بتایا تھا۔

آج اسی سے سلسلہ شروع کرتے ہیں۔




کسی بھی پروجیکٹ کو اوپن کریں۔ Tools مینو میں سے option سلیکٹ کریں۔اب Editor ٹیب آپ کے سامنے ہوگا۔

Code Seeting سیکشن میں Require Variable Declaration کو چیک کردیں

Require Variable Declaration پر چیک لگانے سے کافی لاپروائی غلطیوں سے کافی حد تک بچا جاسکتا ہے

اگر آپ کو Require Variable Declaration کا نہیں پتا تو فی الحال ویری ایبل کو ایسا طریقہ تصور کریں۔


جس میں پروگرام ویلیوز کو سٹور کرتے ہیں۔

www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com






پروگرام چلنے پر تبدیلیاں Auto سیو کرنا۔

when a program Starts سیکشن میں Save Change یا پھر


Prompt to Save Change آپشن سلیکٹ کرلیں

پہلی آپشن کی صورت میں تبدیلیاں خود بخود سیو ہو جائیں گی اور دوسری آپشن

سلیکٹ کرنے سے پوچھا جائے گا۔

کہ تبدیلیاں سیو کرنی ہیں یا نہیں۔ اب Ok کلک کردیں۔

www.allpdfstuff.blogspot.com




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

اب ہم فارم پر آتے ہیں۔ یہ جو آپ فارم دیکھ رہے ہیں۔ اس کا output آپ form layout پر دیکھ سکتے ہیں۔

مطلب کے یہ سکرین پر کیسا دکھائی دے گا۔ آپ اس کو چینج بھی کر سکتے ہیں

فارم کے چھوٹے سے آئیکن پر رائٹ کلک کریں۔ کھلنے والے مینو سے Startup Position کو سلیکٹ کریں

اس کے بعد ذیلی مینو میں Center Screen سلیکٹ کریں۔ اب فارم کو ابتدائی طور پر سنٹر میں رکھا گیا ہے۔

اور پرگرام چلنے سے وہ سکرین کے وسط میں آئے گا۔


www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



فارمز کو سنٹر کرنے کا ایک اور طریقہ بھی ہے آپ سکیرین شارٹ دیکھ سکتے ہیں




یہاں پر کلک کرنے سے آپ اپنی مرضی کا Start Up Position رکھ سکتے ہو


جیسے ہی آپ چینج کرو گے تو اس Reaction فارم layout پر دیکھ سکتے ہیں

www.allpdfstuff.blogspot.com




www.allpdfstuff.blogspot.com

اور اگر آپ Test کرنا چاہتے ہیں تو یہاں کلک کریں تو یہاں کلک کریں







جس سے آپ اس طرح فارم دیکھو گے

www.allpdfstuff.blogspot.com

اور واپس اپنی جگہ لانے اور اس میں مزید Changing کے لئے یہاں کلک کرو




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com




اُمید کرتا ہو سب ٹھیک ہیں۔دوستوں سبق کا سلسلہ وہی سے شروع کرتے ہیں۔کل ہم نے
پروگرام کی پوزیشن کو ٹھیک کیا اور وہ سکرین پر کیسے دیکھائی دے گا۔اس کے بارے میں پڑھا تھا۔
آج ہم مزید فارم کی سیٹنگ کے بارے میں مطالعہ کرتے ہیں۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

**فارم بیک کلر پراپرٹی کو سیٹ کرنا**

جیسا کہ آپ توقع کر سکتے ہیں فورم کی بیک کرل پراپرٹی اس کا بیک گراوئنڈ کلر کو سیٹ کرتی ہے۔
یہ رنگ ڈیزائن ٹائم کے علاوہ اس وقت بھی ڈسپلے ہوتا ہے جب آپ فارم پر مشتمل پراجیکٹ چلائیں گے۔
آئے ہم فارم کی بیک گراوئنڈ کلر کو چینج کرتے ہیں۔سب سے پہلے آپ یک فارم اوپن کر لئے۔




فارم کی Properties میں جا کر Back Color کو دیکھے۔پھر یہاں کلک کریں۔یا پھر F4 پریس کریں
پھر آپ کے سامنے کلر آئے گے۔یہاں پر آپ System یا Palatte میں سے کوئی بھی کلر سلیکٹ کریں
لیکن میں آپ کیلئے sky Bule سلیکٹ کروں گا۔

ابھی ہم صرف ایک ہی فورم پر کام کر رہے ہیں۔وقت کے ساتھ ہم پروگرام کو بڑا کرتے جائیں گے۔
اور ہر فورم کی سیٹنگ بھی کرتے جائیں گے۔اور ہر فورم کی بیک گراونڈ میں کلر اسی طرح [illegible] ہوگا

آپ کلر کیلئے RGB کلر بھی یوز کر سکتے ہیں۔یہ RGB نمبر شو ہو رہا ہے۔۔۔
اس کے بعد آپ سکرین شارٹ دیکھ سکتے ہیں۔ہمارا فورم کا بیک گراوئڈ کلر۔

first_impressionoo@yahoo.com
www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



## فارم Caption پراپرٹی سیٹ کرنا


فارم کی بار پر اُس کا کیپشن نظر آتا ہے۔ کیپشن پراپرٹی فارم کا کیپشن سیٹ کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

فارم کا Caption فارم کی Title بار پر نظر آتا ہے

Caption کا ٹیکسٹ ڈیزائنگ اور پروگرام چلنے کے دوران بھی ظاہر ہوتا ہے۔ یہ بات سمجھنا اہم ہے۔ کہ فارم کا کیپشن فارم کے نام سے مختلف چیز ہے۔ اس علاوہ فارم موڈیول پر مشتمل فائل کے نام سے بھی اس کا کوئی تعلق نہیں۔ آپ کے پروگرام استعمال کرنے کے والے افراد ونڈوز کو ان کے نام سے شناخت کریں گے نہ کہ ان کے ناموں سے چنانچہ ایسے کیپشن دینا ضروری ہیں جو ونڈوز میں شامل چیزوں کی وضاحت کرتے ہوں۔

اب اس کو نام کیسے دینا ہے۔۔؟؟ www.allpdfstuff.blogspot.com

فارم کو کھول کر پراپرٹیز ونڈوز اوپن کریں۔ تسلی کرلیں کہ پراپرٹیز ونڈوز میں فارم سلیکٹ کیا ہوا ہے۔




پراپرٹیز ونڈوز کی Alphabetic ٹیب میں سے Caption منتخب کریں۔ اور پھر پراپرٹیز ونڈوز کے دائیں کالم میں Caption کے لئے ٹیکسٹ ایڈ کریں نیا ٹیکسٹ فارم کی ٹائٹل بار پر ظاہر ہوجائے گا۔

پھر سکیرین شارٹ دیکھ لیں۔ آپ کا انٹر کئے ہوئے الفاظ۔ www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com




## فارم کا آئیکن سیٹ کرنا

اگر آپ فارم کے ساتھ کوئی آئیکن بھی منسلک کریں تو وہ فارم کی ٹائٹل بار کے بائیں کونے پر دکھائی دے گا۔اس کے علاوہ آئیکن کو فارم کیرن یا منی مائز ہونے پر ونڈوز ٹاسک بار پر ڈسپلے کیا جاتا ہے

آئے اب فارم کی آئیکن پراپرٹی کی مدد سے اس میں ایک آئیکن دیتے ہیں

www.allpdfstuff.blogspot.com




www.allpdfstuff.blogspot.com

Alphabetic ٹیب میں icon سلیکٹ کریں۔بٹن آئیکن کے دائیں طرف بنا تین نقطوں والا بٹن کلک کرنے سے Load Icon ڈائیلاگ باکس اوپن ہوجائے گا۔

لوڈ آئیکن ڈائیلاگ میں فائلوں کو براوز کر کے مرضی کا آئیکن ڈھونڈیں اور اسے سلیکٹ کریں

Open کلک کرنے سیآپ کا منتخب کردہ آئیکن آپ کے فارم کی ٹائٹل بار پر ڈسپلے ہوجائیگا۔

www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



آپ کوایک بات بتا تا چلوں۔ کہ وژوئل بیسک میں متعدآئیکن فائلیں موجود ہوتی ہے۔اُن کے نام کے آخر میں ico. لگا ہوگا۔آپ مائیکروسافٹ وژوئل سٹوڈیوکواپنے کمپیوٹر پر کسی بھی جگہ انسٹال کریں۔ لیکن یہ فائلیں عموماًاس ڈائریکٹری میں انسٹال ہوتی ہیں۔

C:/Program Files\Microsoft\visual Stadio\Common

آئیکن ڈائیلاگ باکس میں براؤزکرنے کے بعد نہ ملیں۔تو شائدوہ آپ سے انسٹال نہیں ہوئے۔تو ایسی صورت میں آپ وژوئل بیسک انسٹالیشن پروگرام دوبارہ چلائے۔اور پھر کسٹم انسٹالیشن کوسلیکٹ کریں Library آپشن کا آئیکن سلیکٹ کرنا یادرکھیں۔جوتبھی دستیاب ہوگا۔جب گرافکس آپشن سلیکٹ کی ہوئی ہوگی۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

تو دوستوں آج ہم نے Tilte پر نام اور Tilte پر آئیکن لگانا سیکھ لیا۔

کل مزیداور بتایا جائے گا۔اور مزید تین چار کلاسس کے بعد ہم Coding کرنا شروع کریں گے۔

میری کوشش ہے۔کہ آپ کووہ سب سے وہ باتیں بتائی جائیں۔جس سے آپ کوسافٹ ویئر بنانے میں کوئی مشکل پیش نہ آئے۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

اسلام علیکم۔

دووستوں کل ہم نے فارم کو آئیکن اور کیپشن پر نام دینا سیکھا۔

آج ہم فارم پر بٹن شامل کرنا سیکھتے ہیں۔اور بھی مزید چیزیں شامل ہیں۔

آج ہم فارم پر صرف ایک بٹن شامل کریں گے۔مزید وقت کے ساتھ بتا تا جاؤں گا۔

تا کہ آپ کو کوئی مشکل نہ آئے۔اس لئے میری کوشش تھوڑے تھوڑے سبق سے آپ کو ٹرین کرنا ہے۔

### فارم پر بٹن شامل کرنا




فارم اپنے آپ میں بہت کچھ نہیں ہوتے۔وہ ایک طرح سیبک گراؤنڈ کا کام دیتے ہیں۔اور اصل منظر کے منتظر ہوتے ہیں۔فارم میں اصل چیز اُس کے کنٹرول ہوتے ہیں۔آپ یہ جاننے میں غالباً دلچسپی رکھتے ہوں گے کہ کنٹرول کے لئے مکمل ٹیکنیکل اصطلاح Active کنٹرول ہے۔

وژوئل بیسکTools Box جس کے بارے میں آپ کو کلاس فرسٹ میں بتا دیا تھا اپنے فارمز میں شامل کرنے کے لئے دستیاب کنٹرول ڈسپلے کرتے ہے۔وژوئل بیسک کے کنٹرول دو بنیادی اقسام پر مشتمل ہیں۔

intrinsic اور extrinsic کنٹرولز۔

www.allpdfstuff.blogspot.com




intrinsic کنٹرولز ٹولز باکس میں پہلے سے موجود ہوتے ہیں۔

جیسے یہ intrinsic کنٹرولز باکس ہے

extrinsic کنٹرولز کو استعمال کر سکنے کے لئے پہلے ٹولز باکس میں شامل کرنا پڑتا ہے

اُس کے لئے ٹولز باکس پر رائٹ کلک کریں۔components سلیکٹ کریں۔

لیکن ابھی ہم صرف intrinsic کا استعمال کریں گے۔اُس کا بعد میں بتا جائے گا جب ہم کوئی بڑا پروجیکٹ بنائے گے


www.allpdfstuff.blogspot.com

تو اب شروع کرتے ہیں اس کے لئے کل والا جو پروجیکٹ ہے اُس کو اوپن کریں۔ جو میں نے کل والی کلاس میں اپ لوڈ کر دیا تھا۔ اگر موجود نہیں تو ایک نیا پروجیکٹ بنا لیئے۔۔

ٹول باکس اگر پہلے سے اوپن نہیں ہے تو View مینو میں سے اسے سلیکٹ کرلیں۔ ٹول باکس کے آئیکن بتاتے ہیں کہ اُن کا تعلق کن کنٹرولز کے ساتھ ہے۔

ٹولز باکس میں Command Button آئیکن تک جائیں

کنٹرول کی ایک نقل کو فارم پر لانے کے لئے کمانڈ بٹن کو ڈبل کلک کریں۔ تو وہ فارم پر آ جائے گا۔ یا پھر آپ کنٹرول کو فارم میں ڈریگ بھی کرسکتے ہیں۔




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com


www.allpdfstuff.blogspot.com



آپ دیکھ سکتے ہو کنٹرول فارم پر دکھائی دے رہا ہے۔۔۔۔۔اب ہم نے سیکھ لیا فارم پر بٹن کیسے لاتے ہیں

اب بٹن کی پراپرٹی سیٹ کرنا سیکھتے ہیں

ہم بٹن کو ڈریگ کر کے چھوٹا بڑا بھی کر سکتے ہیں






### بٹن پراپرٹیز سیٹ کرنا

پراپرٹیز ونڈو Command Button سلیکٹ کریں

آپ یہ کام کمانڈ بٹن پر رائٹ کلک کر کے اور ذیلی مینو میں سے

Properties سلیکٹ کر کے بھی کر سکتے ہیں




پراپرٹیز ونڈوز میں کمانڈ بٹن کا نام بدل کر CmdClickme کر دیں۔

بٹن کے Caption کی ویلیو Click Itdunya کر دو۔

آپ بٹن Color بھی چینج کر سکتے ہو۔جیسے فارم کا بیک گراونڈ کلر چینج کیا تھا

آپ پروجیکٹ سیو کر لیں۔

یہاں سے فانٹ بھی چینج کر سکتے ہیں۔

اور بھی بہت سی Options ہیں آپ اس پرجیکٹ پر کام کریں

اک بات کا دھان رکھیں یہاں Options پر true کا مطلب yes اور False کا No ہے

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com


www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



اور یہاں Play پر کلک کریں۔۔۔اب آپ کے سامنے ہے۔کل ہم اسی بٹن میں کوڈ سیٹ کریں گے۔




پھر آپ کو کوڈنگ بتائی جائے گی۔

خدا حافظ

علی چودھری۔ سیالکوٹ پریم نگر

first_impression555@yahoo.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



www.allpdfstuff.blogspot.com

اسلام علیکم۔

دوستوں کل ہم نے فارم پر بٹن بنانا سیکھا۔آج اُس میں ایک کوڈ شامل کرتے ہیں۔

کلک ایونٹ میں کوڈ شامل کرنا۔

وژویل بیسک آبجیکٹس مثلاً فارمز اور کنٹرولز کے ساتھ ایونٹس منسلک ہوتے ہیں۔

وژویل بیسک کا ایک بنیادی اندازِ کارکردگی ایونٹس پر مشتمل ہے۔جب آپ کوئی پراجیکٹ بناتے ہیں

عموماً کسی ایونٹ کے نتیجے میں کچھ واقع کرنے کے لئے مخصوص ایونٹس میں کوڈ شامل کرتے ہیں۔

اس مقصد کے لئے ایک عام استعمال ہونے والا ایونٹ Click Event ہے۔کسی کمانڈ بٹن کا کلک اِیونٹ


اس وقت واقع ہوتا ہے۔جب یوزر اپنے ماؤس سے کلک کرے۔

اب اس کو کرنا کیسے ہے۔۔۔۔۔؟؟؟؟

last Class کا پراجیکٹ اوپن کرے جس پر ہم نے ایک بٹن بنایا تھا۔

Command Button پر رائٹ کلک کریں۔اور ظاہر ہونے والے مینو میں سے

View Code سلیکٹ کریں۔یا View مینو میں سے Code منتخب کریں




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com


www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



تو آپ کے سامنے Code Editor اوپن ہو جائے گا۔




کوڈ ایڈیٹر کے بالائی کونے میں بنے آبجیکٹ ڈراپ ڈاؤن مینو میں سے کمانڈ بٹن سلیکٹ کریں۔

ڈیفالٹ کے تحت کمانڈ بٹن کا کلک ایونٹ کوڈ ایڈیٹر کے بالائی دائیں کونے میں پروسیجر لسٹ میں ظاہر ہوتا ہے۔

اب کمانڈ بٹن کے کلک ایونٹ میں پرائیوٹ اور End سٹیٹمنٹ کے درمیان یہ ٹائپ کریں۔

MsgBox "Yes I love Itdunya.com"

www.allpdfstuff.blogspot.com




اب یہاں کلک کریں ۔۔۔۔۔۔




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



اب سامنے یوزر نے بٹن کو کلک کر کے ایونٹ کو متحرک کیا تو ایونٹ کوڈ عمل میں آ گیا۔




www.allpdfstuff.blogspot.com

MsgBox کے لئے ایک بڑی کلاس دی جائے گی۔ جس میں اس کے بارے میں مکمل بتایا جائے گا

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



اسلام علیکم۔اُمید کرتا ہو سب ٹھیک ٹھاک ہوں گے۔پچھلے سبق میں ہم نے ایک چھوٹا سا ڈائیلاگ باکس میں ایک ٹیکسٹ میسج دسپلے کرنے ک لئے Msg Box سٹیٹمنٹ کا استعمال سکھایا تھا۔مجھے یقین ہے آپ یہ جان کر بہت خوش ہوں گے۔

کہ آپ MsgBox کی مدد سے زیادہ خوبصورت Instant ڈائیلاگز بھی بنا سکتے ہیں میسج باکسز میں بٹنز بھی شامل ہوسکتے ہیں۔جنہیں کلک کر کے یوزر اپنی راہ عمل اپنا سکتا ہے۔

آئی ٹی دنیا کے پیارے پیارے ممبرز آج آپ کو Msg Box سٹیٹمنٹس اور فنکشنز کے متعلق تفصیلاً بتاؤں گا

فنکشن ایک پروگرامنگ سٹیٹمنٹ ہوتا ہے۔جو ایک ویلیو ریٹرن کرتی ہے۔

آج اس تھرڈ کا مقصد ایک ایسا فارم بنانا ہے جسے استعمال کر کے میسج باکسز کی مقبول ترین صورتوں کو ڈسپلے کیا جا سکے

یہ مقصد پورا کرنے کے لئے فارم کو کمانڈ بٹن کے علاوہ کنٹرولز کی بھی ضرورت ہوگی

اضافی کنٹرولز پر یہاں بات کی گئی ہے۔Labels۔Text۔Box۔Frames۔Option Buttons

ان کنٹرولز کی مجموعی کارکردگی کے ذریعہ میسج باکسز ڈسپلے کرنے کے لئے تھوڑی سی پروگرامنگ درکار ہوتی ہے۔

اس قسم کی پروگرامنگ کو کنٹرولز کی وائرنگ جیسا سمجھ لیں۔

اس وائرنگ میں بنیادی طور پر IF سٹیٹمنٹس کا استعمال شامل ہے۔

میں وضاحت کرتا جاؤں۔کہ وژول بیسک کی IF سٹیٹمنٹس جس کو کنڈیشنل سٹیٹمنٹس بھی کہتے ہیں۔

کیسے کام کرتی ہے۔اور انہیں فارم پر دیئے گئے کنٹرولز کے ساتھ کیسے استعمال کیا جاتا ہے

آخر میں میسج باکس کی کچھ صورتیں یوزر کو کچھ بٹن فراہم کرتی ہیں۔

مثلاً Yes اور No والے لیبل بٹنز۔

میں بتاؤں گا کہ یوزر کے کسی عمل کا ردعمل کیسے دینا ہے۔

لیکن آج ہم صرف Msg Box کے بارے میں پڑھے گے۔

www.itdunya.com

thinkme1st

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



کیونکہ کلاس کافی لمبی ہو جائے گی۔ جس کو آپ سمجھ نہیں پائیں گے

اس لئے آج ہم Msg Box کا مطالعہ کریں گے۔ کل اس کی مثالیں۔۔اور بھی بہت سی چیزیں ہیں۔اسی ہفتےکے آخر تک ہم ایک بڑا پروگرام بنا لے لگے۔آج ہم Msg Box کو پڑھتے ہیں کل اس کی مثالیں۔ پھر فریمز۔ پھر لیبلز اور ٹیکسٹ باکسز۔ پھر آپشن بٹن۔ پھر IF سٹیٹمنٹس۔ پھر فارم کی وائرنگ پھر جواب کا حساب لگانا۔۔۔ یہ اسی ہفتے کے آخر میں ہم مکمل کر لے گئے۔

تو آیئے شروع کرتے ہیں۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

میسج باکسز۔

ایک میسج باکس سٹیٹمنٹ کے ممکنہ طور پر پانچ حصے ہوتے ہیں۔ جن کو پیرامیٹرز کہا جاتا ہے

آپ پہلے کے سوا تمام پیرامیٹرز چھوڑ سکتے ہیں۔ پہلا لازمی ہے Prompt نامی یہ لازمی پیرامیٹرز وہ ٹیکسٹ ہے۔ جسے ٹیکسٹ باکس ڈسپلے کرتا ہے اگر آپ نے محض ایک پیرامیٹ شامل کیا ہے تو وژول بیسک اپنے حساب سے بہترین ویلوز باقی کے پیرامیٹرز کو دے دیتا ہے اس عمل کو ڈیفالٹ ویلوز کا استعمال کہتے ہیں۔

اس کے علاوہ جیسا کہ میں نے پہلے بھی بتایا ہے۔ MsgBox کو بھی ایک سٹیٹمنٹ جو ایک ویلو ریٹرن نہیں کرتی یا ایک فنکشن جو یوزر کے ایکشن کا تعین کرنے کے لئے ایک ویلیو ریٹرن کرتا ہے کے طور استعمال کیا جاتا ہے۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



اگر یہ سب کچھ بہت مشکل بھی لگے تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ یہ بہت آسان ہے۔
جب آپ میسج باکس کا استعمال شروع کریں گے تو سمجھ جائیں گے۔

## MsgBox Syntax

ایک MsgBox Syntax مندرجہ ذیل فارمیٹ رکھتا ہے۔

MsgBoX Prompt , Buttons , Title , Helpfile, Context

اگر آپ MsgBox کا استعمال ایک فنکشن کے طور پر کر رہے ہیں تو پیرامیٹرز۔۔۔
جس کو آرگومینٹس بھی کہتے ہیں۔ اس کو چھوٹی بریکٹوں کے اندر دینا لازمی ہوگا
جیسا کے آپ دیکھ سکتے ہیں۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

Answer=MsgBox (Prompt , Buttons, Title , Helpfile , Context)

یہاں پیرامیٹرز کا مطلب دیا جا رہا ہے۔ جس کو اوپر دی گئی ترتیب میں ہی انٹر کرنا پڑتا ہے۔
Prompt میں وہ ٹیکسٹ شامل ہوتا ہے جو میسج باکس میں ڈسپلے ہوگا۔
تصویر دیکھ سکتے ہیں




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



Buttonsاگر اس کا کوڈ شامل نہ بھی کریں تو تو کام کرے گا۔۔لیکن اگرPrompt میں ٹیکسٹ نہ لکھا ہو

تو وہ ڈسپلے نہیں کرے گا۔ یوں سمجھ لیں۔ Buttons اختیاری ہے اس میں ایسا کوڈ شامل ہوتا ہے جو میسج باکس

میں ڈسپلے ہونے والے بٹنوں کی نشاندہی کرتا ہے۔

Title یہ بھی اختیاری ہے۔اس میں شامل ٹیکسٹ میسج باکس کی ٹائٹل بار میں جائے گا۔

Helpfile یہ بھی اختیاری ہے۔ www.allpdfstuff.blogspot.com

یہ اختیاری ہے۔اس ہیلپ فائل کا نام شامل ہوتا ہے۔جیسے میسج باکس میں سیاق وسباق کے حوالے

سے ہیلپ کے لئے استعمال کیا جائے گا۔اگر Helpfile مہیا کی گئی ہو تو Context کے لئے ایک ویلیو

بھی مہیا کرنا پڑے گی۔Helpfile پر تفصیلا بات نہیں کی جائے گی۔اس کے بارے میں مزید معلومات کے لئے

MSDNلائبریری کے اندر"Adding Help To Your Visual Stadio Application"

www.allpdfstuff.blogspot.com

دیکھیں۔

Context یہ Helpfile کے نہ ہونے کے ساتھ مشروط ہے۔اس پر تفصیلا بات کی جائے گی آگے جا کر۔

بٹنز اور آئیکنز۔

بٹنز پیرامیٹر ایک انٹیجر ویلیو ہے ہر ممکنہ بٹن بٹنوں کا مجموعہ یا آئیکن (جسے MsgBox سٹیمنٹ کے زریعے ڈسپلے

کیا جائے) کی نمائندگی ایک انٹیجر کے زریعہ ہوتی ہے۔میرے کہنے کا مطلب Ok اور Cancel بٹنوں کا

نمائندہ کوڈ 1 ۔اور 4 کا مطلب Yes & No آئیکن ہے۔

اس لئے میں نے نیچے سب کچھ لکھ دیا ہے۔ جب آپ کوڈ شامل کریں گے تو آپ سمجھ جاؤ گے۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

عام MsgBox بٹن کانسٹنٹ

| کانسٹنٹ | ویلیو | تفصیل |
|---|---|---|
| vbOkonly | 0 | صرف Ok بٹن کے ڈسپلے |
| VbOkCancel | 1 | Ok اور Cancel بٹنز کے ڈسپلے |
| vbAbortRetryIgnor | 2 | Abort۔Retry۔Ignor بٹنز کے لئے |
| vbYesNoCancel | 3 | Yes۔No اور Cancel بٹنز کے لئے |
| vbYesNo | 4 | Yes۔No بٹنز کے ڈسپلے کے لئے |
| VbRetryCancel | 5 | Retry اور کینسل بٹنز کے ڈسپلے کے لئے |
| vbCritical | 16 | Critical میسج آئیکن ڈسپلے |
| vbQuestion | 32 | وارننگ Query آئیکن ڈسپلے |
| vbExclamation | 48 | وارننگ میسج آئیکن ڈسپلے کے لئے |
| vbInformation | 64 | انفارمیشن میسج آئیکن ڈسپلے کے لئے۔ |

اب ان کوڈ اور ان ویلیو کا استعمال کے بارے میں بتایا جائے گا۔ اس سے پہلے آپ کو MsgBox ریٹرن ویلیو بتا دو۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

| کانسٹنٹ | ویلیو | تفصیل |
|---|---|---|
| vbOk | 1 | Ok |
| VbCancel | 2 | کینسل |
| vbAbrot | 3 | Abrot |
| vbRetry | 4 | Retry |
| vbIgnor | 5 | Ignor |
| vbYes | 6 | Yes |
| vbNo | 7 | No |

اب یہ کوڈ شامل کرتے ہیں۔۔۔۔اس کے لئے آپ ایک نیو فارم بنائے۔
اور نیا فارم بنانا میں نے آپ کو بتایا تھا۔۔۔۔۔۔۔ٹھیک کہا نہ

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com


www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



تو دوستوں ایک نیو فارم بنائے۔۔۔یا پھر Class 4 کا پراجیکٹ ڈون لوڈ کر لئے۔


ہاں بہتر یہی ہے آپ Class 4 کا پراجیکٹ ہی رن کریں۔۔




وہاں پر ایک بٹن شامل کریں اس کے لئے یہاں کلک کریں

پھر اس بٹن کو Adjust کریں۔کہ سائز کتنا ہو۔جو سافٹ وئیر پر

پھر اس بٹن کو نام دے اُس کے لئے۔اُس کے لئے آپ بٹن پر Right click کریں۔




اور properties میں جائیں پھر Caption میں جا کر آپ اس کا نام بدل سکتے ہیں

اور اگر آپ فارم کا Caption تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔تو فارم پر کلک کریں پھر پراپرٹیز میں

پھر Caption میں جا کر اُس نام چینج کر دیں۔اور آج ایک اور تبدیلی کرتے ہیں

فارم کا Maximize بٹن ختم کرتے ہیں۔اس کے لئے آپ فارم کی پراپرٹز میں جائیں

پھر یہاں سے اس کو False کر دیں۔تو Maximize بٹن کام نہیں کرے گا۔


www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com






یہاں سے True سے Flase کر دیں۔اس سے بٹن Maximize نہیں ہوگا

آپ نے دیکھا ہوگا۔کہ اکثر سافٹ ویئر میں Maximize بٹن بند ہوتے ہیں۔

تو میں سوچ رہا تھا۔کہ کوڈ کے ساتھ ساتھ یہ بھی بتا دیا جائے۔تا کہ اس سے آگے جا کر ہم نے بہت کام لینا ہے۔

آج ہم میسج باکس کے بارے میں پڑھ رہے ہیں۔کہ بٹن پر اپنے رد عمل کیسے دیں۔

تو دوستوں ابھی کوڈ شامل کرتے ہیں۔اس کے لئے آپ بٹن پر ڈبل کلک کریں

اوواس طرح کی ونڈوز اوپن ہوگی۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



اب یہاں پر کوڈ شامل کریں۔ اس کو پڑھنے کے بعد آپ خود بھی ٹرائی کریں


ابھی ہم بٹن پر Prompt اور Title ڈسپلے کریں گے۔۔۔۔

یہ کوڈ شامل کریں

is space Or kamo me Button Add hoty hein
lakin hum ne aj is ko defult per rekha hei

MsgBox "ITdunya.com Seekhny Or Sikhaye", , "Praim Nager Sialkot Ali"

ابھی میں آپ کو تھوڑی رہنمائی کرتا ہو۔




یہ Prompt ہے۔ یہ لازمی ہے میں نے اوپر بھی لکھا تھا۔ اگر آپ کو یاد۔ اس کے بغیر آپ کی رائے عمل شو نہیں ہوگی اور یہ Title اور یہ جو آپ سپیس اور دو کامے دیکھ رہے ہیں یہ ہم نے سیٹ نہیں کئے بلکہ اس کو ڈیفالٹ پر رکھا ہے۔۔ اور یک بات اور جب اپ یہ کوڈ خود ٹائپ کریں گے۔ تو آپ کو پتا چل جائے گا۔ کہ Prompt کہاں پر لکھا ہے اور Title کہاں تو کوڈ شامل کرنے کے بعد اس کو پلے کر کے بھی چلا سکتے ہیں یا پھر سیو بھی کر سکتے ہیں .Exe میں

یہاں پر جائے اور میک Exe. بنالے







www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com






تو آپ اس طرح کی ویو دیکھے گے۔ پلے ہونے کے بعد۔
آپ اس پر ٹرائی کرتے جائیں۔ مجھے اُمید ہے کے آپ سمجھ جائے گے۔
اور کل ہم اس میں بہت سے بٹن شامل کریں گے۔
اور جو میں نے ویلیو اور کوڈ لکھائے ہیں۔۔۔ اس کا استعمال ہم کل کریں گے
یہ ہم نے Ok کا بٹن یقالت پر رکھا تھا۔ میرا مطلب ہے۔ اس پر کوئی کوڈ شامل نہیں ہوا
اس لئے ہم نے اس کو خالی چھوڑ دیا۔۔۔ اُمید ہے آپ سمجھ گئے ہوں گے
اگر کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو پوچھ سکتے ہیں۔۔۔ اس سے آپ کی پرابلم بھی ختم ہو گی
اور باقی یوزر بھی افادہ حاصل کریں گے
تمام دوستوں سے گزارش ہے۔ کہ اگر کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو پوچھ سکتے ہیں
میں نے نیچے پراجیکٹ اور کوڈ اپلوڈ کر دیے ہیں

چوہدری علی حسن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سیالکوٹ پریم نگر۔۔۔۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



دوستوں کل ہم نے سبق کے آخر میں پرامپٹ اور ٹائیٹل ڈسپلے کیا تھا۔

آج ہم اُسی سے سلسلہ شروع کرتے ہیں۔

آج ہم Ok بٹن اور آئیکن ڈسپلے کرتے ہیں۔ اور ویلیو کا استعمال کرتے ہیں۔

جو کل ہم نے لکھی تھی۔


تو شروع کرتے ہیں۔۔۔اس کے لئے آپ 6 کلاس کا پراجیکٹ اوپن کرے

اور کل ہم نے بٹن پر کوڈ شامل کیا تھا اس کو ختم کر دے۔

آج ہم اُس بٹن پر بٹن اور آئیکن ڈسپلے کرتے ہیں

یہاں یہ ٹائپ کرو۔

MsgBox "Ilove Itdunya", vbOKOnly + vbInformation, "Thinkme1st"




جب آپ یہاں کاما ٹائپ کرو گے تو یہ بار آجائے گی۔ وہاں پر میں vbOKOnly سلیکٹ کروں گا


اور Information کا آئیکن شو کرنے کے لئے میں + ڈال کر vbInformation لکھوں گا

اور کاما ڈال کر یہ کوڈ مکمل کروں گا۔ پھر ٹائیٹل کے لئے یہ " ڈال کر اگے Thinkme1st لکھوں گا

اور کوڈ مکمل کرنے کے لئے " ڈال دوں گا۔

پھر پلے کریں۔ تو Information کا آئیکن آئے گا اور OK بھی

اور اب ہم اسی کو ویلیو کے زریعے بناتے ہیں







www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



اب اسی کام کو ویلیو کے زریعے کرتے ہیں آپ کو 6 کلاس میں ان کی ویلیو بتائی تھی۔

اب ہم vbOKOnly کی جگہ اُس کی ویلیو لکھتے ہیں جو 0 ہے اور + ڈال کر vbInformation




کی ویلیو 64 ٹائپ کرتے ہیں اور پلے کرتے ہیں۔

تو وہ ویسا ہی آئے گا جیسا ہم نے کوڈ کے زریعے کیا تھا۔

یہ کوڈ ہے

MsgBox "Ilove Itdunya", 0 + 64, "Thinkme1st"

اور اسی طرح اب ہم Ok اور Cancel بٹن ڈسپلے کرتے ہیں

ابھی ہم Prompt کو تھوڑا چینج کرتے ہیں۔

MsgBox "Press Ok to Continue Cancel To Cancel", vbOKCancel + 64, "Continue"


یہاں میں نے Prompt پہ لفظ لکھے ہیں۔اور Ok اور Cancel سلیکٹ کیا ہے


Ap Apny merzi ka Icon bhi Dy skty hein Ok yeha per velue Shamil ker Ly ya code

جب آپ کاما ڈالیں گے تو Option اس طرح کی۔وہاں سے آپ بٹن سلیکٹ کر لے

اور + ڈال کر آئیکن کا کوڈ ٹائپ کریں۔یا پھر اُس کی ویلیو دے دے تو سافٹ وئے اس طرح

کام کرے گا




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



اسی طرح آپ مزید بٹن شامل کر سکتے ہیں۔۔۔

اور آپ یہ بٹن شامل۔ Ok cancel Abort Etc۔ اور آئیکن بھی چینج کریں

اور مجھے بتائے آپ نے کیسا کام کیا ہے۔ اور سکرین شارٹ بھی دیئے۔

پھر اس پر میں ایک پروگرام بناؤں گا۔ تو میں جاننا چاہتا ہوں آپ نے کتنا سیکھا ہے۔

اگر کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو پوچھ سکتے ہیں۔

اس پر دونوں پراجیکٹ لوڈ کر دیئے ہیں

علی حسن

www.itdunya.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



اسلام علیکم۔

اُمید کرتا ہوں سب ٹھیک ٹھاک ہوں گے۔دوستوں آج ہم ایک بڑا پروجیکٹ تیار کرتے ہیں
آپ سب سے درخواست ہے۔کہ اس طرح کے آپ بھی کچھ پراجیکٹ بنائے۔جس سے آپ
مزید(وی بی)کے بارے میں سیکھ سکتے ہیں۔اور آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔

تو دوستوں سب سے پہلے ایک فارم بناتے ہیں۔

اب فارم کی لوک بھی سیٹ کر لئے Fourm Layout سے اس کے بارے میں پہلی دو،تین۔
کلاسوں میں آپ کو بتا چکا ہو۔اگر آپ پوچھنا چاہئے تو پوچھ سکتے ہیں۔۔۔

اور اس کا Miximize بٹن کو Disable کر دیں۔اس کے بارے میں بھی آپ کو بتا چکا ہوں۔

فارم کے کیپشن میں اُس کا نام اپنی مرضی کا رکھ دے۔اور آئیکن بھی لگا لئے۔

فارم کا بیک گروونڈ کلر یہی رہنے دیں۔یا اپنی مرضی بھی کر سکتے ہیں۔میں اپنی مرضی کا لگاؤں گا۔

-----------------

یہ تو بن گیا اک فارم جو ایسا دکھے گا




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com




## فارم میں فریم شامل کرنا

ایک فارم بنانے کے بعد ٹول باکس ڈسپلے کریں (اگر وہ پہلے سے ڈسپلے نہیں ہے)
View Menu میں سے Toolbox سلیکٹ کرلیں۔
ٹول باکس میں فریم کنٹرول کے بٹن تک جائیں۔
فریم کنٹرول کو فارم پر لانے کے لئے اُس پر ڈبل کلک کریں۔
یا سنگل کلک کر کے اُس کو ڈریگ کر لئے
جب فارم کنٹرول فارم پر آجائے۔ تو ہنڈلز کی مدد سے اُس کا سایز ایڈجسٹ کر لئے
تصویر میں دیکھ سکتے ہیں۔




www.allpdfstuff.blogspot.com

اب اس کی سیٹنگ کریں
فریم پر رائیٹ کلک کر کے فریم کی پراپرٹی میں جائے
تو وہاں پر جا کر اس کا نام fraPrmoptTitle رکھ دے۔
اور کیپشن میں یہ لکھ لے
--Enter Prompt and Title:
اور اس کا بیک گروئنڈ کلر فارم کے کلر کے ساتھ ملا لیں۔
جو اس طرح ظاہر کرے گا۔




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com






## بٹن اور آئیکن فریمز شامل کرنا۔

ٹول باکس استعمال کر کے کھلے ہوئے فارم پر ایک اور فریم دیں۔

پراپرٹی ونڈوز میں جا کر اُس فریم کا نام fraButtons رکھیں

یہ بلکل اُسی طرح بنے گا لیکن فرق اتنا ہے۔ کہ ہم فریم کا نام fraPromptTitle سے


اس کا نام fraButtons رکھ رہے ہیں۔ پروگرام کے مطابق۔ اور کیپشن کا نام بھی تبدیل کر رہے ہیں

اور کیپشن میں اس کا نام Select Buttons for Your Message Box

رکھ رہے ہیں۔۔

اب اس کی بھی بیک کلر سب کچھ فریم کی پراپرٹی میں جا کر سیٹ کر لیں۔ اپنی مرضی کے مطابق

لو جی میری سیٹنگ کے مطابق یہ کچھ اس طرح دکھائی دے گا۔




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com




اب اک اور فریم بنائی اس طرح

اس کا نام fraIcons رکھیں۔ اور اس کے کیپشن کا نام Select Icons رکھ دیں

اس کی بھی بیک کلر سیٹنگ کر لیئے۔۔۔

تو یہ کچھ اس طرح دکھائی دے گا




اب فارم میں لیبلز اور ٹیکسٹ باکسز شامل کرتے ہیں

**لیبلز اور ٹیکسٹ باکسز**

لیبلز وہ کنٹرولز ہیں۔ جو فارمز اور دیگر کنٹرول پر ٹیکسٹ ڈسپلے کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں

ٹیکسٹ باکس کنٹرولز کا استعمال یوزر کی جانب سے ٹیکسٹ اِن پُٹ کو قبول ہوتے ہیں

عموماً جب آپ کو کوئی ایسا یوزر اِنٹرفیس بنانے کی ضرورت پڑتی ہے۔ جو یوزر سے ٹیکس انٹر کرنے کا کہتا ہے

تو آپ کو ایک لیبل اور ٹیکسٹ باکس کے جوڑے کی ضرورت ہوگی لیبل یوزر کو بتا تا ہے۔ کہ کیا ٹیکسٹ انٹر کرنا ہے

اور ٹیکٹ باکس کا مقصد انٹر کئے گئے ٹیکسٹ کو وصول کرنا ہے۔


اتنی لمبی چوڑی تعریف کرنے کے بعد اُمید ہے آپ کو اس کے بارے میں کافی کچھ پتا چل گیا ہوگا۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com






تو آئیں فریم میں لیبل شامل کرتے ہیں۔

سب سے پہلے میں آپ کو یہ بتا دوں لیبل کہاں ہے

یہ دیکھئے ٹول باکس میں اس کو لیبل کہتے ہیں۔

اب اس کو Enter Prompt And Title کی طرف ڈریگ کریں۔


جیسا کے تصویر میں ہے




لیبل اور فریم میں بہت فرق ہے۔یہ آپ دیکھ سکتے ہیں۔ظاہری سی بات ہے۔فریم۔فریم کی طرح ہوتا ہے اور لیبل اپنا اک مقام رکھتا ہے۔

اب بلکل جیسا ہمنے فریم بناتے وقت اس کا نام اور اس کے کیپشن کا نام تبدیل کیا تھا اور بیک گرونڈ کی سیٹنگ کی تھی بلکل اسی طرح اس کی سیٹنگ کرنی ہے

اس کی پراپرٹی میں جا کر اس کا نام lblPrompt رکھ دیں۔اور Caption میں اس کا نام Prompt: رکھ دیں۔اگر دیکھا جائے تو جب ہم لیبل فارم میں ڈریگ کرتے ہیں تو اس کے کیپشن کا نام Label1 ہوتا ہے۔۔۔اور اسی طرح اگر ہم ایک اور لیبل ڈریگ کریں تو اس کا نام Label2 ہوگا اور ہم نے اس کا نام تبدیل کر کے Label1 سے Prompt: رکھا ہے جو اس طرح ظاہر ہوگا




www.itdunya.com


www.allpdfstuff.blogspot.com

اب ایک اور لیبل فریم پر لائیں۔ اور اس کو بھی اُسی طرح ڈریگ کریں جیسے پرامپٹ کو کیا تھا۔

اب صرف ان کا نام اور کیپشن نام تبدیل کرنا ہو۔

اسکو بھی ڈرگ کریں۔ اور اس کی پراپرٹی میں جا کر اس کا نام lblTitle اور کیپشن کا نام Title: رکھ دے۔

اور بیک کرل بھی سیٹ کرلیں۔ جو اس طرح دکھائی دے گا۔







اب ہم فریم پر ٹیکسٹ باکس شامل کرتے ہیں

**فریم پر ٹیکسٹ باکس شامل کرنا**

ٹول باکس سے TextBox کنٹرول تک جائیں۔ یہ ٹیکسٹ باکس ہے۔

ٹیکس باکس کو ڈریگ کرکے فارم تک لائیں۔ اور موزوں فریم میں رکھ دیں۔

ٹیکسٹ باکس کے ہنڈلوں کی مدد سے پوزیشن اور سائز سیٹ کریں


میں اس طرح سیٹ کروں گا۔




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com






اب اس باکس کی پراپرٹی میں جا کر اس کا نام بدل کر txtPrompt رکھ دیں۔

کسی بھی ٹیکسٹ باکس کی Text پراپرٹی txtPrompt کے اندر ٹیکسٹ کو کنٹرول کرتی ہے

اور اسی کو استعمال کر کے کنٹرول میں سے ٹیکسٹ حاصل کیا جاتا ہے

پراپرٹی ونڈوز کو استعمال کرتے ہوئے txtPrompt کی ٹیکسٹ پراپرٹی تبدیل کریں

تاکہ اس کی ویلیو نہ ہو

تصویر دیکھ لیں۔۔ یہ ٹیکسٹ بیک سپس سے ختم کر دئے۔

www.itdunya.com








اب Title کے لئے بھی ایک اور ٹیکسٹ باکس ڈریگ کریں جیسے پہلے کیا ہے۔

اس کی پراپرٹی میں جا کر اس کا نام txtTitle رکھ دیں۔

اور بلکل اسی طرح Text میں اُس کا نام ختم کر دیں

جو اس طرح نظر آئے گا۔




www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



آج کے لئے اتنا کافی ہے۔۔کیونکہ یہ کافی لمبا پراجیکٹ ہے۔اور اِس کوختم کرتے وقت ہم ایک بڑا پروگرام بنالیں گے۔۔۔۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

یادرہے میں نے جو نام رکھے ہیں آپ بھی وہ نام رکھنا۔کیونکہ اسی نام پر میں کوڈنگی کروں گا۔جو میں نے رکھے ہیں اگرایک بھی لفظ ادھراُدھر ہواتو یہ پروگرام کام نہیں کرے گا

بعد میں آپ جب سیکھ جائے تو آپ تبدیل کر سکتے ہیں۔لیکن اس پراجیکٹ کے مکمل ہونے کے بعد

اگرآج کلاس میں آپ کوئی سوال پوچھنا چاہیں تو پوچھ سکتے ہیں۔۔

نیچے پراجیکٹ اپ لوڈ کردیا ہے

(علی حسن )پریم نگر سیالکوٹ پاکستان


www.itdunya.com

Adreesi 381

www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com






اسلام علیکم۔

اُمید ہے سب ٹھیک ٹھاک ہوں گے۔

آخری کلاس سے ہی سلسلہ شروع کرتے ہیں

آج Select Buttons for Your Message Box میں

آپشن بٹن شامل کرتے ہیں۔اس کے اندر ہم 6 بٹن شامل کرنے ہیں

میں آپ کے سامنے ایک بٹن شامل کروں گا۔باقی آپ نے خود شامل کرنے ہیں۔


تو شروع کرتے ہیں

Tool Box باکس سے option Buttons Select Buttons for Your Message Box

پر ڈیگ کرنے اس کی پراپرٹی میں جا کر اس کی بیک گرونڈ کلر تبدیل کریں۔

اور اس کا نام optOkOnly رکھ دیں۔اور Caption میں اس کا نام OK Only رکھ دیں۔

جو اس طرح دکھائی دے گا۔




اب آپ نے مزید اس میں 5 آپشن بٹن شامل کرنے ہیں

ان کے نام اور کیپشن نام میں نے نیچے لکھ دیے ہیں

www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com


www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com



| Caption | Name |
|---|---|
| OK Only | optOkOnly |
| Ok and Cancel | optOKCancel |
| Abort,Retry and Ignore | optAbortRetryIgnore |
| Yes,No and Cancel | optYesNoCancel |
| Yes and NO | optYesNo |
| Retry and Cancel | optRetryCancel |

آپ نے اسی طرح مزید آپشن بٹن ڈریگ کرنے ہیں اوران کا نام یہ رکھنے ہیں جو اوپر میں نے لکھے ہیں ایسا کرنے کے بعد یہ اس طرح شو ہو جائے گے۔




یادر ہے میں جو نام لکھ رہا ہو آپ بھی وہی نام لکھنا نہیں تو پرگرام میں مسلہ ہوسکتا ہے۔

www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com



www.allpdfstuff.blogspot.com

اب ہم Select Icons پر بھی کچھ آپشن بٹن ڈریگ کرے گئے۔اُن کے نام بھی نیچے لکھ دے ہیں۔
بلکل اسی طرح وہ بھی ڈریگ ہوں گے۔۔اوراُن کے بھی کیپشن اورنام چینج کرتے جائیں۔

| نام | کیپشن |
| --- | --- |
| optCritical | Critical |
| optQuestion | Question |
| optExclamation | Exclamation |
| optInformation | Information |
| optNoIcon | No Icon |

www.allpdfstuff.blogspot.com

جواس طرح دکھائی دے گا۔۔۔آپ بھی اس کو بنا کر رن کر کے تسلی کرلیں۔




آج کے لئے اتنا ہی کیونکہ اب مجھے پاکستان کا میچ دیکھنا ہے
نیچے پراجیکٹ اَپ لوڈ کر دیا ہے۔

خدا حافظ

www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com



www.allpdfstuff.blogspot.com

اسلام علیکم


اُمید ہے سب ٹھیک ٹھاک ہوں گے۔

کافی دیر بعد کلاس دے رہا ہوں۔اس کی معذرت چاہتا ہوں۔

کیونکہ میرے سسٹم میں وائرس آ گیا تھا۔


تو شروع کرتے ہیں

کلاس 9 کا پراجیکٹ اوپن کر لےئے اگر اُس میں کچھ پرابلم ہے تو میں نے اُس کا پراجیکٹ نیچے آپلوڈ کر دیا ہے۔وہاں سے اوپن کر لیں۔




تو دوستوں ہم نے کچھ آئیکن بنائے تھے۔

آج اُس پروگرام کو مکمل کرتے ہیں۔فارم کو مکمل کرنے کے لئے ہم ایک بٹن شامل کریں گے ہمارا فارم تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔بس ایک چیز کی کمی ہے۔وہ ایک بٹن جسے کلک کر کے یوزر اپنی چوئسز کے نتائج ڈسپلے کر سکے گا




تو ٹول بار سے یہاں ایک بٹن ڈریگ کریں۔اُس کی properties میں جا کر اُس کا نام cmdDisplayMsgBox رکھ دیں اور Caption میں اُس کا نام Display سیٹ کر دیں۔

اب ایک کام کریں۔اسی کی پراپرٹی میں Default پراپرٹی کو True کر دیں تصویر دکھ سکتے ہیں۔اس پر کلک کرنے سے آپ اس کو تبدیل کر سکتے ہیں۔

اس سیٹنگ کے نتیجہ میں Enter دبانے سے وہی نتائج حاصل ہوتے ہیں۔جو فارم کو رَن کرنے کے دوران کمانڈ بٹن کو کلک کرنے سے۔

یہاں تک تو ہم نے اپنا کام ختم کر لیا

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



www.allpdfstuff.blogspot.com

## If سٹیٹمنٹس

فارم وائرنگ کے لئے تیار ہونے کا مطلب ہے۔ کہ اب یوزر انٹرفیس سیٹ ہوگیا ہے
کوڈ میں سے جو چیز غائب ہے۔ وہ یوزر انٹرفیس کے مختلف عناصر کو آپس میں جوڑنے والے بندھن ہیں
وائرنگ شروع کرنے سے پہلے آپ کو If سٹیٹمنٹس کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ کوڈ میں If سٹیٹمنٹس کے
استعمال کا مقصد پروگرام کو مخصوص حالات کی بنیاد پر فیصلے کرنے کی اجازت دینا ہے فارم کی وائرنگ میں
استعمال ہونے والی If سٹیمنٹ کی شکل یہ ہوگی۔

```
If Condition1 Then

     first Conditional block of statements

Elself Conditiona2 Then

     second conditional block of Statements

...

Else

   nth conditional block of statements

End If
```

www.allpdfstuff.blogspot.com

اس کے کام کرنے کا انداز یہ ہے کہ VB پہلے condition1 کا حساب کتاب لگاتا ہے اگر یہ true ہو تو سٹیمنٹس کا پہلا کنڈیشنل بلاک عمل میں آتا ہے۔ اور یوں If سٹیمنٹ پر عملدر آمد مکمل ہو جاتا ہے۔ دوسری طرف اگر condition1 غلط یا False ہے تو condition2 کا حساب لگایا جاتا ہے۔ کنڈیشن 2 درست ہونے کی صورت میں اس کی سٹیمنٹس پر عملدر آمد ہوتا ہے اور یہ If سٹیمنٹ کا اختتام ہے۔ اگر یہ False ہو تو اگلی ElseIf کنڈیشن کی باری آتی ہے
اور یہ سلسلہ چلتا جاتا ہے۔ اگر کوئی بھی کنڈیشنل سٹیمنٹ درست نہ ہو تو Else کلاز کے بعد والا کنڈیشنل بلاک عمل میں آتا ہے اگر آپ اس کا شکار ہونے کی توقع نہیں رکھتے تو اس فائنل Else کلاز کو حذف

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



کرنا چاہیں گے۔ کیونکہ آپ کو یقین ہے کہ کوئی نہ کوئی کنڈیشن ہمیشہ درست ہوگی۔ تاہم ایسی صورت میں بہتر یہی ہے کی فائنل Else کلاز اور ایک ایرر میسج کو شامل کر لیا جائے۔ جو اپنا کنڈیشنل بلاک عمل میں آنے پر ڈسپلے ہو۔۔ اور ہم یہی استعمال کریں گے۔

اس سے اگلا سٹیپ فارم کی وائرنگ ہے

فارم کی وائرنگ کے دو مراحل ہوتے ہیں

☆ یوزر کے سلیکٹ کیئے ہوئے بٹنوں اور آئیکنز کا تخمیہ لگانا۔

☆ یوزر کی ان پُٹ اور چوائسز کی بنیاد پر میسج باکس ڈسپلے کرنا۔

میسج باکس ڈسپلے کرنے والا دوسرا مرحلہ آپ کچھ حد تک پیچھے دیکھ آئے ہیں

سب سے مشکل یا قابل غور بات یہ ہے۔ کہ میسج باکس کی اَن پٹ اور چوائسز کی بنیاد پر Variable نتائج ڈسپلے کرتا ہے۔


www.allpdfstuff.blogspot.com

فارم کی وائرنگ میں استعمال ہونے والا تمام کوڈ نتائج کے ڈسپلے میں کام آنے والے بٹن کے کلک ایونٹ میں رکھا جائے گا cmdDisplayMsgBox

کوڈ شامل کرنے کے لئے ایونٹ پروسیجر کو اوپن کرنا۔

☆ کھلے ہوئے فارم پر Display کامنڈ بٹن پر رائیٹ کلک کریں۔


☆ کھلنے والے مینو میں سے View Code سلیکٹ کریں۔




جیسا تصویر میں ہے

www.allpdfstuff.blogspot.com

کوڈ ایڈیٹر کی object لسٹ میں سے cmdDisplayMsgBox اور پروسیجر لسٹ میں سے Click منتخب کر لیں۔ اب آپ کمانڈ بٹن کے Click ایونٹ میں کوڈ شامل کرنے کا آغاز کر سکتے ہیں۔




www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



بٹن سلیکشن کا تعین کرنا:

☆ بٹن سلیکشن کا وایم رکھنے کے لئے ایونٹ پریسیجر کے اوپر مندرجہ ذیل کوڈ کی لائن ٹائپ کر کے ایک ویری ایبل ButtonChoice ڈکلیئر کریں۔

```
Dim ButtonChoice As Integer
```

☆ ڈکلیئریشن سٹیمنٹ کے نیچے ایک If سیٹمنٹ دے کر یوزر کی چوائس کا تعین کریں۔

اوراس کے بارے میں آپ کو اوپر بتایا گیا ہے۔اگر آپ اُس کو ایک بار پھر پڑھ لیں تو آپ کو مزید سمجھ آجائے گی۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

```
If optOKOnly.Value = True Then
    ButtonChoice = vbOKOnly
  ElseIf optOKCancel.Value = True Then
    ButtonChoice = vbOKCancel
  ElseIf optAbortRetryIgnore.Value = True Then
    ButtonChoice = vbAbortRetryIgnore
  ElseIf optYesNoCancel.Value = True Then
    ButtonChoice = vbYesNoCancel
  ElseIf optYesNo.Value = True Then
    ButtonChoice = vbYesNo
  ElseIf optRetryCancel.Value = True Then
    ButtonChoice = vbRetryCancel
```

☆ اگرچہ یہ کوڈ یوزر کی جانب سے ممکنہ اِن پُٹ کے حوالے سے تمام بنیادوں کا احاطہ کرتا ہے لیکن ایک Else کلاس شامل کر دینے سے کچھ غیر متوقع غلطی کا امکان دور اور پروگرام اختتام پذیر ہو جاتا ہے

www.allpdfstuff.blogspot.com

```
Else
    MsgBox "Unexpected Error in If statement!"
   End
```

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



www.allpdfstuff.blogspot.com

آئیکن سلیکشن کا تعین۔

☆ بٹن سلیکشن کو قائم رکھنے کے لئے ایونٹ پروسیجر کے اوپر لیکن ButtonChoice کے نیچے کوڈ کی مندرجہ ذیل لائن ٹائپ کر کے ایک ویری ایبل IconChoice ڈکلئیر کریں۔

```
Dim IconChoice As Integer
```

☆ کوڈ کے ButtonChoice بلاک کے نیچے ایک لائن چھوڑ دیں اور لائن کو ایک ' کے ساتھ شروع کر کے ایک کمنٹ شامل کریں۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

```
'Determine Icon Choice
```

☆ یوزر کی چوائس کا تعین کرنے کے لئے ایک If سٹیمنٹ شامل کرلیں۔

```
If optCritical.Value = True Then
      IconChoice = vbCritical
   ElseIf optQuestion.Value = True Then
      IconChoice = vbQuestion
   ElseIf optExclamation.Value = True Then
      IconChoice = vbExclamation
   ElseIf optInformation.Value = True Then
      IconChoice = vbInformation
   ElseIf optNoIcon.Value = True Then
      IconChoice = 0
  Else
      MsgBox "Abnormal Icon Choice. Terminating."
      End
  End If
```

www.allpdfstuff.blogspot.com

میسج باکس کا ڈسپلے۔

☆ آئیکن ڈسپلے بلاک کے بعد ایک بعد ایک لائن چھوڑ دیں

☆ ایک کمنٹ میں کوڈ کے مقصد کی وضاحت کریں۔

```
'Display the message box
```

☆ مندرجہ ذیل کوڈ استعمال کر کے میسج باکس ڈسپلے کریں۔

```
MsgBox(txtPrompt.Text, ButtonChoice + IconChoice, txtTitle.Text
```

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com



www.allpdfstuff.blogspot.com

## جواب کا حساب لگانا۔

پروگرام تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔اور محض کوئی پرانا پرگرام نہیں بلکہ نہایت مستعد اور مفید پرگرام ہے جو وژوئل بیسک کے بہت سے اہم ٹولز اور تیکنیکیس استعمال کرتا ہے۔میرے خیال میں آپ اتنے مختصر سے وقت میں اس سے زیادہ مشکل اور بہتر چیز نہیں بنا سکتے۔

تاہم کرنے والا ایک کام باقی ہے میسج باکز استعمال کرنے پر عموما آپ کی خواہش ہوتی ہے۔کہ یہ جان سکیں کہ یوزر نے کون سا بٹن کلک کیا ہے۔پروگرام کی زبان میں اسے ضواب کا حساب لگانا یا Evaluating the Response کہتے ہیں۔

☆ باقی دوڈ کلیئریشن کے نیچے Response انفارمیشن قائم رکھنے کے لئے ایک وری ایبل ڈکلیئر کریں۔

www.allpdfstuff.blogspot.com

```
Dim Answer As Integer
```

☆ MsgBox سٹیمنٹ کو ایک فنکشن کے طور پر دوبارہ لکھیں۔

```
Answer = MsgBox(txtPrompt.Text, ButtonChoice  + IconChoice, txtTitle.Text)
```

☆ کسی کلک پریسجر کے اختتام پر ایک If سٹیمنٹ لکھیں جو وری ایبل Answer کو ٹیسٹ اور نتیجہ ڈسپلے کرے

میں آپ کی آسانی کے لئے کچھ آسان سے جواب لکھ رہا ہو۔آپ اپنی مرضی کے جواب لکھ سکتے ہیں۔

```
If Answer = vbOK Then
    MsgBox "You clicked OK!"
  ElseIf Answer = vbCancel Then
    MsgBox "You clicked Cancel!"
  ElseIf Answer = vbAbort Then
    MsgBox "You clicked Abort!"
  ElseIf Answer = vbRetry Then
    MsgBox "You clicked Retry!"
  ElseIf Answer = vbIgnore Then
    MsgBox "You clicked Ignore!"
  ElseIf Answer = vbYes Then
    MsgBox "You clicked Yes!"
  ElseIf Answer = vbNo Then
    MsgBox "You clicked No!"
  Else
    MsgBox "No click detected!"
  End If
End Sub
```

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

☆ پروگرام کو رن کر کے تمام چیزیں دیکھ لیں۔کہ وہ سہی کام کر رہی ہیں
ہر بٹن کو کم از کم ایک بار کلک کریں۔۔۔۔آپ کو پرامپٹ اور ٹائٹل میں لکھیں گے وہی میسج میسج شو ہوگا۔۔۔اس بٹن کا سارا کوڈ نیچے بھی پیسٹ کر دیا گیا ہے۔

تو دوستوں میسج اور آئیکنز کا سلسلہ تو یہاں ختم ہوتا ہے۔

اب آگے بہت اہم اہم چیزیں ہے۔جن میں سے فارمز اور موڈیولز بھی اہم ہے اس کے بارے میں اگلی کلاس میں بتایا جائے گا۔


پراجیکٹ نیچے آپلوڈ کر دیا ہے

abdrehman2@yahoo.com

www.allpdfstuff.blogspot.com

www.allpdfstuff.blogspot.com






www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com
www.allpdfstuff.blogspot.com